إِنَّ الَّذِينَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُم بِالْغَيْبِ لَهُم مَّغْفِرَةٌ وَأَجْرٌ كَبِيرٌ

جولوگ ڈرتے ہیں اپنے رب سے بن دیکھے ان کو معافی ہے اور نیگ (اجر) بڑا۔

# الْمُلْك

## بِسْمِ اللّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ

---

تَبَارَكَ الَّذِي بِيَدِهِ الْمُلْكُ

بڑی برکت ہے اس کی (ذات) جس کے ہاتھ میں ہے راج (بادشاہی)۔

وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ (١)

اور وہ سب چیز کر سکتا (پر قادر) ہے۔

الَّذِي خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَيَاةَ لِيَبْلُوَكُمْ أَيُّكُمْ أَحْسَنُ عَمَلًا

جس نے بنایا مرنا اور جینا کہ تم کو جانچے (آزمائے)، کون تم میں اچھا کرتا ہے کام۔

وَهُوَ الْعَزِيزُ الْغَفُورُ (٢)

اور وہ زبردست ہے بخشنے والا۔

الَّذِي خَلَقَ سَبْعَ سَمَاوَاتٍ طِبَاقًا مَّا تَرَى فِي خَلْقِ الرَّحْمَنِ مِن تَفَاوُتٍ

جس نے بنائے سات آسمان تہ بر تہ۔ کیا دیکھتا ہے رحمٰن کے بنائے میں کچھ فرق؟

فَارْجِعِ الْبَصَرَ هَلْ تَرَى مِن فُطُورٍ (٣)

پھر دُہرا کر نگاہ کر کہیں دیکھتا ہے دڑاڑ،

ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنقَلِبْ إِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِأً وَهُوَ حَسِيرٌ (٤)

پھر دہرا کر نگاہ کر، دو دو بار اُلٹی آئے تیرے پاس تیری نگاہ ردہو کر تھک کر۔

وَلَقَدْ زَيَّنَّا السَّمَاءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيحَ وَجَعَلْنَاهَا رُجُومًا لِّلشَّيَاطِينِ

اور ہم نے رونق دی ورلے (قریبی) آسمان کو چراغوں سے اور ان سے رکھی پھینک مار شیطانوں کی،

وَأَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابَ السَّعِيرِ (٥)

اور رکھی ہے ان کو مار دہکتی آگ کی۔

وَلِلَّذِينَ كَفَرُوا بِرَبِّهِمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ (٦)

اور جو منکر ہوئے اپنے رب سے، ان کو ہے مار (عذاب) دوزخ کی۔ اور بُری جگہ پہنچے۔

إِذَا أُلْقُوا فِيهَا سَمِعُوا لَهَا شَهِيقًا وَهِيَ تَفُورُ (٧)

جب اس میں ڈالے جائیں سُنیں اس کا دھاڑنا، اور وہ اچھلتی (جوش کھارہی) ہے،

تَكَادُ تَمَيَّزُ مِنَ الْغَيْظِ

ابھی لگتا ہے کہ پھٹ پڑے جوش سے۔

كُلَّمَا أُلْقِيَ فِيهَا فَوْجٌ سَأَلَهُمْ خَزَنَتُهَا أَلَمْ يَأْتِكُمْ نَذِيرٌ (٨)

جس بار پڑا اس میں ایک دل (گروہ)، پوچھا ان سے اس کے داروغوں نے، کیا نہ پہنچا تم کو کوئی ڈر سنانے والا۔

قَالُوا بَلَى قَدْ جَاءنَا نَذِيرٌ فَكَذَّبْنَا وَقُلْنَا مَا نَزَّلَ اللَّهُ مِن شَيْءٍ

وہ بولے کیوں نہیں ہم پاس پہنچا تھا ڈر سنانے والا۔ پھر ہم نے جھٹلایا، اور کہا کوئی نہیں اتاری اللہ نے کچھ چیز۔

إِنْ أَنتُمْ إِلَّا فِي ضَلَالٍ كَبِيرٍ (٩)

تم پڑے ہو بڑے بہکاوے (گمراہی) میں۔

وَقَالُوا لَوْ كُنَّا نَسْمَعُ أَوْ نَعْقِلُ مَا كُنَّا فِي أَصْحَابِ السَّعِيرِ (١٠)

اور بولے، اگر ہم ہوتے سنتے یا بوجھتے، نہ ہوتے دوزخ والوں میں۔

فَاعْتَرَفُوا بِذَنبِهِمْ فَسُحْقًا لِّأَصْحَابِ السَّعِيرِ (١١)

سو قائل ہوئے اپنے گناہ کے۔ اب دفع ہوں دوزخ والے۔

إِنَّ الَّذِينَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُم بِالْغَيْبِ لَهُم مَّغْفِرَةٌ وَأَجْرٌ كَبِيرٌ (١٢)

جو لوگ ڈرتے ہیں اپنے رب سے بن دیکھے ان کو معافی ہے اور نیگ (اجر) بڑا۔

وَأَسِرُّوا قَوْلَكُمْ أَوِ اجْهَرُوا بِهِ إِنَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ (١٣)

اور تم چھپی کہو اپنی بات یا کھول کر۔ وہ جانتا ہے جیوں (دلوں) کے بھید۔

أَلَا يَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ وَهُوَ اللَّطِيفُ الْخَبِيرُ (١٤)

بھلا وہ (ہی) نہ جانے جس نے بنایا؟ اور وہی ہے بھید جانتا خبردار۔

هُوَ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ ذَلُولًا فَامْشُوا فِي مَنَاكِبِهَا

وہی (تو) ہے جس نے کیا تمہارے آگے زمین کو پست، اب پھرو اس کے کندھوں پر،

وَكُلُوا مِن رِّزْقِهِ وَإِلَيْهِ النُّشُورُ (١٥)

اور کھاؤ کچھ روزی دی اس (اللہ) کی۔ اور اسی کی طرف جی (دوبارہ) اٹھنا ہے۔

أَأَمِنتُم مَّن فِي السَّمَاء أَن يَخْسِفَ بِكُمُ الأَرْضَ فَإِذَا هِيَ تَمُورُ (١٦)

کیا نڈر (بےخوف) ہوئے اس سے، جو آسمان میں ہے؟ کہ دھنسا دے تم کو زمین میں، پھر دیکھو وہ لرزتی ہے؟

أَمْ أَمِنتُم مَّن فِي السَّمَاء أَن يُرْسِلَ عَلَيْكُمْ حَاصِبًا

یا نڈر (بےخوف) ہوئے ہو اس سے جو آسمان میں ہے؟ کہ چھوڑ دے تم پر پتھراؤ باؤ (ہوا) کا۔

فَسَتَعْلَمُونَ كَيْفَ نَذِيرِ (١٧)

سو اب جانو گے، کیسا ہے میرا ڈرانا (تنبیہ)!

وَلَقَدْ كَذَّبَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيرِ (١٨)

اور جھٹلا چکے ہیں جو ان سے پہلے تھے، پھر کیسا ہوا میرا بگاڑ (عذاب)؟

أَوَلَمْ يَرَوْا إِلَى الطَّيْرِ فَوْقَهُمْ صَافَّاتٍ وَيَقْبِضْنَ مَا يُمْسِكُهُنَّ إِلَّا الرَّحْمَنُ

اور کیا نہیں دیکھے اڑتے جانور اپنے اوپر؟ پر کھولے اور جھپکتے۔ ان کو کوئی نہیں تھام رہا، رحمٰن کے سوا۔

إِنَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ بَصِيرٌ (١٩)

اس کی نگاہ میں ہے ہر چیز۔

أَمَّنْ هَذَا الَّذِي هُوَ جُندٌ لَّكُمْ يَنصُرُكُم مِّن دُونِ الرَّحْمَنِ

بھلا وہ کون ہے؟ جو فوج ہے تمہاری مدد کرے گی تمہاری رحمٰن کے سوا۔

إِنِ الْكَافِرُونَ إِلَّا فِي غُرُورٍ (٢٠)

منکر پڑے ہیں نرے بہکاوے میں۔

أَمَّنْ هَذَا الَّذِي يَرْزُقُكُمْ إِنْ أَمْسَكَ رِزْقَهُ

بھلا وہ کون ہے؟ جو روزی دیگا تم کو، اگر وہ (رحمٰن) رکھ چھوڑے اپنی روزی۔

بَل لَّجُّوا فِي عُتُوٍّ وَنُفُورٍ (٢١)

کوئی نہیں! پر اڑ رہے ہیں شرارت اور بدکنے پر،

أَفَمَن يَمْشِي مُكِبًّا عَلَى وَجْهِهِ أَهْدَى

بھلا ایک جو چلے اوندھا اپنے منہ پر، وہ سیدھی راہ پائے؟

أَمَّن يَمْشِي سَوِيًّا عَلَى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ (٢٢)
یا وہ جو چلے سیدھا ایک سیدھی راہ پر؟

قُلْ هُوَ الَّذِي أَنشَأَكُمْ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْأَبْصَارَ وَالْأَفْئِدَةَ
تو کہہ، وہی ہے جس نے تم کو نکال کھڑا (پیدا) کیا، اور بنا دیئے تم کو کان اور آنکھیں اور دل۔

قَلِيلًا مَّا تَشْكُرُونَ (٢٣)
تم تھوڑا حق مانتے (شکرگزار ہوتے) ہو۔

قُلْ هُوَ الَّذِي ذَرَأَكُمْ فِي الْأَرْضِ وَإِلَيْهِ تُحْشَرُونَ (٢٤)
تو کہہ وہی ہے جس نے کھنڈایا (پھیلایا) تم کو زمین میں، اور اسی کی طرف اکٹھے کئے جاؤ گے۔

وَيَقُولُونَ مَتَى هَذَا الْوَعْدُ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ (٢٥)
اور کہتے ہیں کب ہے یہ وعدہ؟ اگر تم سچے ہو۔

قُلْ إِنَّمَا الْعِلْمُ عِندَ اللَّهِ وَإِنَّمَا أَنَا نَذِيرٌ مُّبِينٌ (٢٦)
تو کہہ، خبر تو ہے اللہ ہی پاس۔ اور میں تو یہی ڈر سنانے والا ہوں کھول کر۔

فَلَمَّا رَأَوْهُ زُلْفَةً سِيئَتْ وُجُوهُ الَّذِينَ كَفَرُوا
پھر جب دیکھیں گے وہ پاس آ لگا، بُرے بن جائیں گے منہ منکروں کے،

وَقِيلَ هَذَا الَّذِي كُنتُم بِهِ تَدَّعُونَ (٢٧)
اور کہے گا یہی ہے جس کو تم مانگتے تھے۔

قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِنْ أَهْلَكَنِيَ اللَّهُ وَمَن مَّعِيَ أَوْ رَحِمَنَا
تو کہہ، بھلا دیکھو تو! اگر کھپا (ہلاک کر) دے مجھ کو اللہ، اور میرے ساتھ والوں کو، یا ہم پر مہر (رحم) کرے،

فَمَن يُجِيرُ الْكَافِرِينَ مِنْ عَذَابٍ أَلِيمٍ (٢٨)
پھر کون ہے جو بچائے منکروں کو دُکھ کی مار سے؟

قُلْ هُوَ الرَّحْمَنُ آمَنَّا بِهِ وَعَلَيْهِ تَوَكَّلْنَا
تو کہہ وہی رحمٰن ہے، ہم نے اس کو مانا اور اسی پر بھروسہ کیا۔

فَسَتَعْلَمُونَ مَنْ هُوَ فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ (٢٩)
سو اب جان لوگے، کون پڑا ہے صریح بہکاوے (گمراہی) میں؟

قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِنْ أَصْبَحَ مَاؤُكُمْ غَوْرًا فَمَن يَأْتِيكُم بِمَاء مَّعِينٍ (٣٠)

تو کہہ، بھلا دیکھو تو! اگر ہو رہے صبح کو پانی تمہارا خشک، پھر کون ہے جو لائے تم کو پانی نتھرا (صاف) ؟

© Copy Rights:
*Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana*
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com